**ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس پاکستان**

# تحریری امتحان - ہدایات برائے امیدوار

1. فزیکل اور میڈیکل میں پاس اہل امیدواروں کے تحریری امتحان برائے آسامی اے ایس آئی، کارپورل، اسسٹنٹ، سٹینو ٹائپسٹ، یوڈی سی، ایل ڈی سی اور نرسنگ اسسٹنٹ کے لئے منعقد کئے جائیں گے۔

2. تحریری امتحان کا انعقاد دسمبر 2023 میں کیا جائے گا اور اس کے لئے اہل امیدواروں کی ٹیسٹ سلپ ASF کی آفیشل ریکروٹمنٹ ویب سائٹ joinasf.gov.pk پر اپلوڈ کی جائیں گی۔ امیدوار اپنا شناختی کارڈ نمبر فراہم کر کے اپنی تحریری ٹیسٹ سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

3. **امیدوار اپنی تحریری ٹیسٹ سلپ اور اصل قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ ان کے بغیر امیدوار کو امتحانی مرکز میں کسی بھی صورت داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

4. تحریری امتحان کے لئے کالا، نیلا پین یا مارکر استعمال کریں اور امتحانی گتہ بھی اپنے ہمراہ لائیں۔

5. امیدوار مقررہ تاریخ پر دیئے گئے وقت سے ایک گھنٹہ پہلے اپنے متعلقہ ٹیسٹ سنٹر پر حاضر ہو۔ اگر کوئی اُمیدوار اپنی مقرر کردہ تاریخ یا وقت پر تحریری امتحان کے لئے حاضر نہیں ہوتا تو اُس کو کسی اور تاریخ میں امتحان دینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔

6. **کمپیوٹرائز جوابی کاپی پر امیدوار کا رول نمبر، شناختی کارڈ نمبر، نام اور ولدیت پرنٹ کیا گیا ہے، اپنے کوائف کو بخوبی چیک کریں اور درست نہ ہونے کی صورت میں اپنے نگران سے رابطہ کریں اور صرف اپنے کوائف والی خصوصی جوابی کاپی حاصل کریں، بصورت دیگر آپ کا پیپر منسوخ ہو جائیگا۔**

7. جوابی کاپی پر دی گئی مختص جگہوں پر سوالیہ پیپر کوڈ اور اپنے مطلوبہ کوائف لازمی درج کریں اور جوابات کے لئے صحیح دائرے کو پُر کریں۔ کوائف صحیح پُر نہ کرنے کی صورت میں کمپیوٹر آپ کے پیپر کی شناخت نہیں کرے گا۔

8. امتحانی مرکز میں ہونے والی Announcement، امتحانی قواعد اور کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی پُر کرنے کی ہدایات کو انتہائی غور سے سُنیں۔

9. جوابی کاپی پر Correction Fluid کا استعمال یا Cutting کرنا منع ہے۔ جوابی کاپی کو Fold اور Staple نہ کریں اور نہ ہی دائرے کے باہر نشان لگائیں ورنہ کمپیوٹر آپ کی جوابی کاپی کو قبول نہیں کرے گا۔

10. سوالیہ پیپر / جوابی کاپی کی تصویر بنانا یا کسی دُوسرے پیپر پر سوالات اُتارنا قطعی منع ہے اس صورت میں آپ کا پیپر منسوخ کر دیا جائیگا اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

11. موبائل فون، کیلکولیٹر، الیکٹرانک ڈیوائس یا کسی اور قسم کا غیر قانونی نقل کا مواد (کاغذ، کتاب، ڈکشنری وغیرہ) ساتھ لانا ممنوع ہے۔ امیدوار کو مکمل تلاشی اور جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ سینٹر میں داخلہ کی اجازت دی جائے گی۔

12. اُمیدواروں کے لئے امتحان سے متعلق تمام قواعد و ضوابط پر عمل کرنا لازمی ہو گا۔ امتحانی عمل کے دوران کسی بھی اُمیدوار کی طرف سے غیر قانونی مدد طلب کرنے، نقل / بدنظمی / خلل پیدا کرنے پر اُس کو نااہل قرار دیا جائے گا اور قانونی کاروائی عمل میں آئے گی۔

13. مزید براں! چند سماج دشمن عناصر جعلی بھرتی اشتہار / کالز / میسج / لیٹرز وغیرہ سے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، لہٰذا ایسی تمام جعلی خبروں و معلومات سے خود کو محفوظ رکھیں ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس، عوام الناس کو گمراہ کرنے والے افراد / ویب سائٹس / بلاگز کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کا مجاز ہے۔

14. تحریری امتحان کے لئے کوئی TA / DA نہیں دیا جائے گا۔

ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس پاکستان

# جوابی کاپی کو پُر کرنے کا طریقہ

1. جوابی کاپی کو انتہائی احتیاط سے استعمال کریں اور مطلوبہ کوائف کو صرف کالا، نیلا پین یا مارکر سے پُر کریں۔
2. یہ یقین کریں کہ سوالیہ پیپر اور کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی اسی آسامی اور تاریخ کا ہے، جس کا آپ امتحان دینے آئے ہیں اور جوابی کاپی پر دیے گئے تمام کوائف کو بھرنے کے لیے نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کریں۔

### Roll No / CNIC Number / Candidate / Father Name

کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی پر امیدوار کا رول نمبر، نام، ولدیت اور قومی شناختی کارڈ نمبر پہلے سے پرنٹ کیا گیا ہے۔ اپنے کوائف کو بخوبی چیک کریں , درست نہ ہونے کی صورت میں اپنے نگران سے رابطہ کریں اور صرف اپنے کوائف والی خصوصی جوابی کاپی حاصل کریں، بصورت دیگر آپ کا پیپر منسوخ ہو جائیگا۔

### Question Paper Code

ہر سوالیہ پیپر پر اس کا پیپر کوڈ دیا گیا ہے، اپنے سوالیہ پیپر پر دیئے گئے پیپر کوڈ کے مطابق جوابی کاپی پر متعلقہ دائرہ کو بھریں مثلاً آپ کا پیپر کوڈ "Green" ہے تو آپ "Green" کے نیچے دائرہ کو پُر کریں اور جوابی کاپی پر مختص خالی جگہ پر بھی اپنا پیپر کوڈ ضرور لکھیں۔

| QUESTION PAPER CODE | | | |
|---|---|---|---|
| Red | Green | Blue | White |
| Ⓡ | Ⓖ | Ⓑ | Ⓦ |

| Paper Code | |
|---|---|

### Domicile

- اپنے ڈومیسائل کے مطابق اس کے سامنے والے درست خانے کو پُر کریں۔ جوابی کاپی پر مختص جگہ پر بھی اپنا ڈومیسائل ضرور لکھیں۔

| DOMICILE | |
|---|---|
| 1 Punjab | ○ |
| 2 Sindh Rural | ○ |
| 3 Sindh Urban | ○ |
| 4 KPK | ○ |
| 5 Balochistan | ○ |
| 6 Ex-FATA | ○ |
| 7 Gilgit Baltistan | ○ |
| 8 Azad Kashmir | ○ |

| Domicile | |
|---|---|

### Gender

- جنس والے خانے میں اپنی جنس کے مطابق Male یا Female صرف ایک دائرہ کو پُر کریں۔ جوابی کاپی پر مختص جگہ پر بھی اپنی جنس ضرور لکھیں۔

| GENDER | |
|---|---|
| 1 Male | ○ |
| 2 Female | ○ |

| Gender | |
|---|---|

### Religion

- اپنے مذہب کے مطابق مسلم یا غیر مسلم کے سامنے والے دائرہ کو پُر کریں۔
- جوابی کاپی پر مختص جگہ پر بھی اپنا مذہب ضرور لکھیں۔

| RELIGION | |
|---|---|
| 1 Muslim | ○ |
| 2 Non-Muslim | ○ |

| Religion | |
|---|---|


### Signature of Candidate

Signature of Candidate والے کالم کے سامنے، اپنے دستخط لازمی کریں۔

| Signature of Candidate |
|---|

**اوپر دیئے گئے کسی کالم کو غلط بھرنے یا چھوڑنے کی وجہ سے آپ کی جوابی کاپی Scan نہیں ہو سکے گی اور مسترد ہو سکتی ہے۔ لہٰذا تمام کالمز کے اندراجات کو بغور دیکھیں اور متعلقہ دائرے ضرور پُر کریں۔**

3. ہر سوال کے چار جوابات دیئے گئے ہیں اور اسی تناسب سے جوابی کاپی پر چار دائرے موجود ہیں۔ جس کو آپ درست سمجھتے ہیں، اسی متعلقہ سوال کے درست دائرے کو بھریں۔




4. جوابی کاپی کی غلط مارکنگ کو مثالوں سے واضح کیا گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں دو دائروں کو نہ بھریں، ایسی صورت میں جواب کو غلط تصور کیا جائے گا۔ اسی طرح آدھا دائرہ بھرنے، کراس (X) یا ٹِک لگانے (✓) پر آپ کی جوابی کاپی Scan نہیں ہو سکے گی اور مسترد ہو سکتی ہے۔



5. جوابی کاپی کے متعلق کسی کالم کے بارے میں سمجھ نہ آ رہی ہو تو غلط دائرے پر نشان نہ لگائیں بلکہ اپنی قطار کے نگران سے رہنمائی حاصل کریں۔